Session:-2020-2021

Sample Question paper

Class:-5th

Sub:Urdu

M.M:80

10m

سوال نمبرا:۔ پیرا گراف کو پڑھواور سوالوں کے جواب دیں۔

گاندھی جی نے دنیا کو اہنسا عدم تشدد کے فلسفے سے آگاہ کیا۔ جس کا مطلب ہے ظلم وتشدد کا صبر اور برداشت سے جواب دینا۔ جب گاندھی جی افریقہ سے ہندوستان آئے تو انھوں نے دیکھا کہ مولانا محمد جوہر علی اور ان کے بھائی شوکت علی انگریزوں کے خلاف آواز اٹھا رہے تھے۔ ان دونوں بھائیوں اور گاندھی جی کا مقصد ایک تھا۔ لہذا ان لوگوں میں گہری دوستی ہوگئی۔

مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیں۔

سوال نمبرا:۔ گاندھی جی نے دنیا کو کس سے آگاہ کیا؟

سوال نمبر۲:۔ عدم تشدد کا کیا مطلب ہے؟

سوال نمبر۳:۔ گاندھی کہاں سے ہندوستان آئے؟

سوال نمبر۴:۔ گاندھی جی نے کیا دیکھا؟

سوال نمبر۵:۔ مولانا محمد کے بھائی کا کیا نام ہے؟

سوال نمبر۶:۔ دونوں بھائی کن کے خلاف آواز آٹھا رہے تھے؟

سوال نمبر۷:۔ ان دونوں بھائیوں اور کن کا مقصد ایک تھا؟

سوال نمبر۸:۔ ان لوگوں میں کیا ہوگئی؟

سوال نمبر۹:۔ کن لوگوں میں دوستی ہوگئی؟

سوال نمبر۱۰:۔ اہنسا کا کیا مطلب ہے؟

سوال نمبر۲(1):۔ مانیا کا نام ماریا کیسے پڑا؟ 10m

سوال نمبر۲:۔ علم طبعیات کیا ہے؟

سوال نمبر۳:۔ والدین کی فرمانبرداری کیوں ضروری ہے؟

سوال نمبر۴:۔ اچھے بیٹے کا برتاؤ سب کے ساتھ کیسا ہونا چاہیئے؟

سوال نمبر۵:۔ میڈم کیوری کو نوبل پرائیز کب ملا؟

سوال نمبر۳:۔ ماں باپ اپنی اولاد کے نیک اور فرمانبر ہونے کی دعائیں کیوں کرتے ہیں؟ 5m

سوال نمبر۴:۔ دیئے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔ 5m

حیرت مشہور مالدار مشغول عزت۔

سوال نمبر۵:۔ دیئے گئے الفاظ کے متضاد لکھیں۔ 5m

گمنام امیری بدصورت امید پرانا۔

سوال نمبر۶:۔ واحد کے جمع لکھیں۔ 5m

جنگل تصویر شکل موقع تقدیر ۔

سوال نمبر۷:۔ مذکر کے مونث لکھیں۔ 5m

مسلم جمیل حافظ کشمیری دھوبی ۔

سوال نمبر۸:۔ 'میری ماں' پر ایک مختصر پیراگراف تحریر کریں۔ 5m

سوال نمبر۹:۔ اپنے پرنسپل کے نام ضروری کام کے لئے درخواست لکھیں۔ 5m

یا حرف کسے کہتے ہیں اور اس کی کتنی قسمیں ہیں بیان کریں۔

سوال نمبر۱۰:۔ املا درست کر کے لکھیں۔ 10m

اربی صرخ ہبشی طالاب گرض فقر نیاض موسوف

قلاس ضاتی۔

سوال نمبر۱۱:۔ خوشخط لکھیں۔ 5m

حاتم بلند ہمت شخص تھا۔ اکثر اپنی جان پر کھیل کر دوسروں کی مشکلات دور کرتا تھا۔ ہر طرف اس کی

سخاوت، مروت اور بلند ہمتی کی دھوم تھی۔ ان دنوں عرب پر ایک بادشاہ حکومت کرتا تھا جس کا نام نوفل تھا۔ وہ حاتم کی شہرت سے جلتا تھا۔ اس نے حاتم کو گرفتار کر کے قتل کرنے کے لئے اس کے قبیلے پر فوج کشی کا ارادہ کیا۔ ادھر حاتم کے قبیلے کے لوگ بی اپنے ہر دل عزیز سردار کو بچانے کے لئے لڑنے کو تیار تھے۔